بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر پی اے بی (لیجس۔IV (1) /2018/ 7502 مورخہ 28 جنوری 2022ء

بجانب:۔

جناب چیف سیکرٹری،
حکومت بلوچستان،
کوئٹہ۔

عنوان:۔ قرارداد نمبر 133

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ 27 جنوری 2022ء میں پاس شدہ ذیل قرارداد نمبر 133 منجانب جناب ثناء اللہ بلوچ، رکن صوبائی اسمبلی برائے ملاحظہ و مزید کارروائی ارسال خدمت ہے:۔

**قرارداد**

" ہرگاہ کہ صوبہ بلوچستان کے گیس، معدنیات، سونا اور تانبا کے استعصال ولوٹ کھسوٹ کے بعد وفاقی اور دیگر اداروں کی سرپرستی میں بلوچستان کے سمندری حیاتیات اور نباتات (Marine life & Biology) اور معدوم ہونے والی مچھلیوں کی نسل کشی ٹرالر مافیا کے زریعہ کئی عشروں سے جاری ہے جس کے باعث ساحل بلوچستان کے باسی بھوک افلاس اور غربت کا شکار ہو کر رہ گئے ہیں۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے غیر قانونی جال کے استعمال اور ٹرالنگ کے خلاف سخت کارروائی اور اس بابت باقاعدہ قانون سازی کرنے کے ساتھ ساتھ بحر بلوچ اور ساحل بلوچستان پر ماہی گیروں و ساحل کے تحفظ کے لئے مقامی افراد کی تربیت یافتہ ساحلی تحفظ فورس (Coastal Protection Force) کے قیام کو بھی یقینی بنائے"۔

28/01/22

(طاہر شاہ کاکڑ)
سیکرٹری

نقل برائے اطلاع و ضروری کارروائی مرسل ہوئے بخدمت:

۱) جمیع معزز اراکین بلوچستان صوبائی اسمبلی۔
۲) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیر اعلیٰ بلوچستان، کوئٹہ۔
۳) جناب سیکرٹری برائے محکمہ فشریز حکومت بلوچستان کوئٹہ۔
۴) جناب سیکریٹری برائے اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی۔
۵) پی ایس برائے سیکرٹری بلوچستان صوبائی اسمبلی۔

28/01/22

(عبدالرحمٰن)
اسپیشل سیکرٹری (قانون سازی)

Scanned with CamScanner